
1

Teaching Guide




Musarrat Haidery

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# Contents

Pages

Introduction ........ iv

Unit 1 Sara and Saad ........ 2

Unit 2 Living together ........ 16

Unit 3 Getting around ........ 28

Unit 4 Then and now ........ 36

Unit 5 Our Earth ........ 40

Unit 6 The world of maps ........ 50

Worksheets ........ 58

Answer key ........ 64

# Introduction

This teaching guide is a valuable asset to the teacher of *We Learn Social Studies Book 1*. It offers step-by-step guidance on how to use the student's book so that maximum benefit is passed on to students. At the same time, it makes the teacher's work easy.

Social studies is generally considered to be a very dry subject. It would be a challenge for you to create interest in your students and to make them look forward to each social studies period. It is a good idea to begin a lesson with an introductory activity. It prepares students for what is to follow, builds their interest in the topic, and helps them focus. The teaching guide gives ideas for an introductory activity with each lesson.

In addition to history, geography, economics, and environment, social studies also makes civics its topic. Please stress on character building and the civic sense in your classes. These aspects of a child's grooming are generally neglected which is regrettable. It manifests in our society which is by and large found to be lacking any civic sense. Being the purview of this subject, it becomes your responsibility to put due stress on it in the classroom.

Please make use of the colourful illustrations and photographs in the book to generate interest among students and to explain the topic. The layout is colourful and student friendly which is sure to hold his/her interest.

This teaching guide is bilingual. If you find the English version difficult to follow, kindly refer to the Urdu translation for maximum benefit.

Answers to most questions have been provided to assist the teacher. Please also make use of the photocopiable worksheets where time permits. It is hoped that you will find the teaching guide a valuable asset.

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ ''وی لرن سوشل اسٹڈیز بُک 1'' کے استاد کے لیے ایک قیمتی اثاثے کی حیثیت رکھتی ہے۔ نصابی کتاب کا بہترین استعمال کرنے کے ضمن میں یہ رہنمائے اساتذہ درجہ بہ درجہ رہنمائی فراہم کرتی ہے تاکہ طلبا کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جاسکے۔ اس کے ساتھ ہی یہ آپ کا کام بھی آسان کردیتی ہے۔

معاشرتی علوم کو عام طور پر نہایت خشک مضمون سمجھا جاتا ہے۔ اپنے طلبا کو اس مضمون میں اس طرح دلچسپی لینے پر مجبور کردینا کہ وہ معاشرتی علوم کے ہر پیریڈ کے منتظر رہنے لگیں، آپ کے لیے ایک امتحان ثابت ہوگا۔ سبق کا آغاز ایک تعارفی سرگرمی سے کرنا اچھی تجویز ہے۔ اس سے طلبا سبق پڑھنے کے لیے آمادہ ہو جاتے ہیں، ان میں موضوع سے متعلق دلچسپی پیدا ہوتی ہے اور سبق پر توجہ مرکوز رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ رہنمائے اساتذہ ہر سبق کے آغاز پر تعارفی سرگرمی کے لیے تجاویز بھی فراہم کرتی ہے۔

معاشرتی علوم میں تاریخ، جغرافیہ، معاشیات، اور ماحولیات کے علاوہ شہریات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ ازراہ کرم اپنی کلاس میں بچوں کے کردار کی تعمیر اور ان میں شہری شعور پیدا کرنے پر زور دیجیے۔ بچوں کی تربیت کے ان پہلوؤں کو عام طور پر نظرانداز کردیا جاتا ہے جو قابل افسوس ہے۔ بحیثیت مجموعی ہمارے معاشرے میں ہر طرح کے شہری شعور کی کمی واقع ہو چکی ہے۔ اس مضمون کے ماہر کی حیثیت سے کمرۂ جماعت میں بچوں کی تربیت کے ان پہلوؤں پر کماحقہ توجہ دینا آپ کی ذمہ داری بن جاتی ہے۔

طلبا میں سبق سے متعلق دلچسپی پیدا کرنے اور موضوع کی وضاحت کے لیے کتاب میں دیے گئے رنگین خاکوں اور تصاویر کا استعمال کیجیے۔ لے آؤٹ رنگین ہونے کے ساتھ ساتھ دیدہ زیب بھی ہے جو یقینی طور پر طلبا کی توجہ حاصل کرے گا۔

یہ رہنمائے اساتذہ دو لسانی ہے۔ اگر آپ کو کتاب کا انگریزی متن سمجھنے میں مشکل پیش آئے، تو ازراہ کرم اس رہنمائے اساتذہ کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھانے کے لیے اُردو ترجمے سے مدد لیجیے۔

آپ کی سہولت کے لیے اکثر سوالات کے جوابات رہنمائے اساتذہ میں دیے گئے ہیں۔ جہاں وقت اجازت دے، وہاں ازراہ کرم عکسی نقول بنائے جانے کے قابل ورک شیٹس کا استعمال کیجیے۔ امید ہے کہ آپ اس رہنمائے اساتذہ کو ایک قابل قدر اثاثہ پائیں گے۔

# UNIT 1 SARA AND SAAD

**SARA AND SAAD**
**FAMILY**
**SCHOOL**
**STAYING CLEAN AND HEALTHY**

## TEACHING OBJECTIVES

- to encourage students to say a few sentences about themselves
- to explain what a family unit is
- to encourage students to develop good habits
- to explain that cleanliness of self and surroundings is necessary for good health
- to explain that clean water and healthy food are essential for their physical and mental growth
- to explain that dirty water and unhygienic food can make them ill

# SARA AND SAAD

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

read, write, play, jump, brother

## RESOURCES

textbook, pencil, paper

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

This lesson is about siblings. Sara and Saad are siblings who live with their parents. Encourage students to say something about their own sisters and brothers: what activities they do together; what are their hobbies and interests. Let them speak; do not discourage them even if they do not stay on the topic.

# باب 1: سارہ اور سعد

### سارہ اور سعد

خاندان

اسکول

صاف ستھرا اور صحت مند رہنا

## تدریسی مقاصد:

- طلبا کی حوصلہ افزائی کرکے انھیں اپنے بارے میں چند جملے بولنے پر آمادہ کرنا۔
- سمجھانا کہ خاندانی اکائی کیا ہوتی ہے۔
- طلبا کو چند اچھی عادات اختیار کرنے کی ترغیب دینا۔
- انھیں یہ سمجھانا کہ ذاتی صفائی کے ساتھ اپنے گردوپیش کو صاف ستھرا رکھنا بھی اچھی صحت کے لیے ضروری ہے۔
- طلبا میں یہ آگاہی پیدا کرنا کہ صاف پانی اور صحت بخش غذا ان کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لیے بہت ضروری ہے۔
- طلبا کو یہ سمجھانا کہ آلودہ یا گندا پانی اور غیرصحت بخش غذا انھیں بیمار کرسکتی ہے۔

## سارہ اور سعد

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

پڑھنا، لکھنا، کھیلنا، چھلانگ لگانا، بھائی

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب، پنسل، کاغذ

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

یہ سبق بہن بھائیوں سے متعلق ہے۔ سارہ اور سعد آپس میں بہن بھائی ہیں جو اپنے والدین کے ساتھ رہتے ہیں۔ طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اپنی بہنوں اور بھائیوں کے بارے میں کچھ کہیں۔ مثلاً وہ کون سی سرگرمیاں ساتھ مل کر انجام دیتے ہیں؛ ان کے مشاغل اور دل چسپیاں کیا ہیں وغیرہ۔ انھیں اپنے خیالات کا اظہار کرنے دیجیے۔ اگر وہ موضوع سے ہٹ بھی جائیں تو ان کی حوصلہ شکنی مت کیجیے۔

### Development

Ask some students to read the lesson aloud. Ask them to observe the pictures and to tell everyone what they see. Are there any activities in common?

### Class work

**My page** on page 7 of the textbook. Help students to write information about themselves. They may do the drawing of pictures at home. Some would prefer to stick pictures. Let them know that they have this choice.

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Give a recap of the lesson, asking them text-based questions.

### Development

After discussing Sara and Saad, ask students about their interests. Encourage them to say something about their sisters and brothers. What are their likes and dislikes? How do they spend time? What food do they like? Do they read story books? Are their interests different from Sara and Saad's?

Explain to students that siblings are a blessing from God. They are our friends. Siblings should always support each other and never fight. Sometimes misunderstandings and problems may arise. These should be solved through discussions. Fighting never solves anything. Help may be taken from grown-ups.

Siblings should be kind to each other and should always share things.

### Class work

**Things to do** on page 3 of the textbook. Please offer guidance.

# FAMILY

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

grandfather, grandmother, family

## تدریج

چند طلبا سے باری باری سبق بلند آواز سے پڑھوایئے۔ ان سے کہیے تصاویر کو غور سے دیکھیں اور جو کچھ انھیں تصاویر میں نظر آئے اس سے دوسرے بچوں کو آگاہ کریں۔ کیا ان تصاویر میں کوئی سرگرمی مشترک ہے؟

## جماعت کا کام

نصابی کتاب کا صفحہ ۲ جس کا عنوان ''میرا صفحہ'' ہے۔ اس صفحے پر اپنے بارے میں معلومات درج کرنے کے سلسلے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ تصویری خاکے وہ گھر سے بنا کر بھی لا سکتے ہیں۔ اور اگر چاہیں تو تصاویر بھی چسپاں کر سکتے ہیں۔ انھیں بتایئے کہ ان دو میں سے وہ کوئی بھی ایک کام کر سکتے ہیں۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا سے متن سے متعلق سوالات پوچھتے ہوئے پچھلے سبق کے خاص نکات دہرایئے۔

## تدریج

سارہ اور سعد کو زیرِ بحث لانے کے بعد طلبا سے ان کے شوق اور دل چسپیوں کے بارے میں پوچھیے۔ ان کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اپنی بہنوں اور بھائیوں کے بارے میں کچھ کہیں۔ انھیں کیا پسند اور کیا ناپسند ہے، وہ اپنا وقت کیسے گزارتے ہیں؟ انھیں کھانے میں کیا پسند ہے؟ کیا وہ کہانیوں کی کتابیں پڑھتے ہیں؟ کیا ان کی دل چسپیاں اور مشاغل سارہ اور سعد سے مختلف ہیں؟

طلبا کو بتایئے کہ بہن بھائی اللہ کی طرف سے عطا کردہ بڑی نعمت ہوتے ہیں۔ وہ ہمارے دوست اور ساتھی ہوتے ہیں۔ بہن بھائیوں کو ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دینا چاہیے اور کبھی جھگڑنا نہیں چاہیے۔ بعض اوقات غلط فہمیاں اور مشکلات بھی جنم لے سکتی ہیں۔ انھیں بات چیت کے ذریعے دور کیا جانا چاہیے۔ لڑنے جھگڑنے سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ کوئی اختلاف ہو جائے تو بڑوں سے مدد لی جا سکتی ہے۔

بہن بھائیوں کو ایک دوسرے کا ہمدرد ہونا چاہیے اور چیزیں آپس میں بانٹنی چاہئیں۔

## جماعت کا کام

درسی کتاب کے صفحہ ۳ پر دیا گیا کام بطور کلاس ورک کرنے میں طلبا کی رہنمائی کیجیے۔

# خاندان

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

دادا، نانا؛ دادی، نانی؛ خاندان

## RESOURCES

family photographs, textbook

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin by asking students who lives in the house with them. Some will have *dada*, *dadi*, or *nana*, *nani* living with them. Some will also have aunts, uncles, and cousins. Yet there will be some who only have their parents and their siblings. Explain that all these people make up a family. Sometimes all family members (like those mentioned above) don't live in the same house.

Ask each child to come to the front of the class and say something about their family members; whether they live together; whether they have cousins of their own age; how they spend time together; how their grandparents spend time with them. Explain to them the difference between the maternal side and the paternal side of the family. They should be told that all family members are to be respected and loved. Family members support each other.

### Development

Give each child a chance to read the lesson.

### Homework

Ask students to bring photographs of their family members to the next class, if possible.

## LESSON PLAN (Period 2)

### Development

Ask the students who have brought their family pictures to show them to their class fellows and to say a few words about each person.

Read aloud the lesson for a recap. Discuss Sara and Saad's family and ask questions related to the topic. Ask how Sara and Saad help their family. Ask what they do to help their own families. Emphasize that they should always be polite to their elders and their siblings. They should help them in every way they can.

### امدادی اشیاء

خاندانی تصاویر، نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا سے یہ پوچھتے ہوئے تدریس کا آغاز کیجیے کہ گھر میں ان کے ساتھ کون کون رہتا ہے۔ کچھ بچوں کے ساتھ دادا، دادی، یا نانا، نانی رہتے ہوں گے۔ اور کچھ کے ساتھ ان کی پھوپھی، چچی؛ چچا اور ان کے بچے رہائش پذیر ہوں گے۔ کچھ بچے ایسے ہوں گے جو صرف اپنے والدین اور بہن بھائیوں کے ساتھ رہتے ہوں گے۔ انھیں بتائیے کہ یہ سب لوگ مل کر ایک گھرانہ یا خاندان تشکیل دیتے ہیں۔ بعض اوقات خاندان کے تمام لوگ (مثلاً جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے) ایک ہی گھر میں نہیں رہتے۔

ہر بچے سے کہیے کہ وہ کلاس کے سامنے آئے اور اپنے اہل خانہ کے بارے میں کچھ بتائے۔ مثلاً کیا وہ ایک ساتھ رہتے ہیں؛ کیا ان کے ہم عمر کزن ہیں؛ وہ ساتھ مل کر وقت کیسے گزارتے ہیں؛ دادا دادی یا نانا نانی کیسے ان کے ساتھ وقت گزارتے ہیں۔ انھیں بتائیے کہ خاندان کے مادرسری (ماں کی طرف سے) اور پدرسری (باپ کی طرف سے) رشتوں میں کیا فرق ہوتا ہے۔ انھیں یہ بات ضرور سمجھائی جائے کہ خاندان کے تمام اراکین کی عزت اور ان سے محبت کرنی چاہیے۔ نیز خاندان کا ہر فرد ایک دوسرے کا ساتھ دیتا ہے۔

### تدریج

ہر بچے کو سبق پڑھنے کا موقع دیجیے۔

### گھر کا کام

طلبا سے کہیے اگر ممکن ہو تو وہ اگلی کلاس میں اپنے اہل خانہ کی تصویریں لے کر آئیں۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تدریج

جو طالب علم اپنے گھر کے افراد کی تصاویر لے کر آئے ہیں، ان سے کہیے کہ تصویریں اپنے ہم جماعتوں کو دکھائیں اور ہر فرد کے بارے میں چند جملے بھی کہیں۔

سبق بلند آواز سے پڑھیے تا کہ بچوں کی یقین دہانی ہو جائے۔ سارہ اور سعد کے خاندان پر گفتگو کیجیے اور سبق سے متعلق سوالات پوچھیے۔ طلبا سے استفسار کیجیے کہ سارہ اور سعد کیسے اپنے خاندان کا ہاتھ بٹاتے ہیں۔ پوچھیے کہ اپنے خاندان کی مدد کے لیے وہ خود کیا کرتے ہیں۔ اس بات پر زور دیجیے کہ انھیں بڑوں کے ساتھ ہمیشہ ادب اور بہن بھائیوں کے ساتھ پیار و محبت سے پیش آنا چاہیے۔ انھیں جس طرح ممکن ہو ان کے کام آنا چاہیے۔

### Class work

**Things to do** on page 6 of the textbook
Offer help to the weak students.

## SCHOOL

Teaching time: 2 periods

### KEYWORDS

classroom, playground, race, friend, leave, home

### RESOURCES

textbook; drawing sheets

### LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin by asking students simple questions about their school, its name, location, whether it is a primary school or a secondary school, the name of the principal, etc. Give them this information as most students are not expected to know.

This is the youngest group of students in school. The school offers a new environment to them. Take them around the school premises to familiarize them and let them know the purpose of each room, like the science lab and the library. Ask them to learn the names.

### Development

Once back in the classroom, distribute drawing sheets among the students and ask them to draw their school building and the various rooms it has. They should draw the ground/play area as well and if they like, students doing different activities.

Put up the pictures on the notice board.

Let them open the textbook to page 8 and read the lesson to themselves and see the pictures.

### LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Begin by asking students to describe their school. Ask them all they learnt in the previous class. Tell them they are about to learn about Sara and Saad's school today.

### جماعت کا کام

نصابی کتاب کے صفحہ ٦ پر دیا گیا کام کروائیے۔
جماعت کا کام کرنے میں کمزور طلبا کی مدد کیجیے۔

# اسکول

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

کمرۂ جماعت، کھیل کا میدان، دوڑ، دوست، چھوڑنا یا نکلنا، گھر

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب؛ ڈرائنگ شیٹس

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا سے اسکول کے بارے میں آسان سوالات پوچھتے ہوئے سبق کا آغاز کیجیے جیسے اسکول کا نام کیا ہے، یہ کہاں واقع ہے، یہ پرائمری اسکول ہے یا سیکنڈری، پرنسپل کا نام کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔ انھیں یہ تمام معلومات دیجیے کیوں کہ ان میں سے بیشتر ان باتوں سے لاعلم ہوں گے۔
یہ اسکول میں سب سے کم عمر طالب علموں کا گروپ ہے۔ اسکول میں انھیں ایک نیا ماحول میسر آتا ہے۔ اس ماحول سے شناسا کروانے کے لیے انھیں اسکول کی سیر کروائیے اور ہر کمرے جیسے سائنس لیب اور لائبریری کا مقصد بتائیے۔ ان سے کہیے کہ ان ناموں کو ذہن نشین کرلیں۔

### تدریج

کلاس میں واپس آنے کے بعد طلبا میں ڈرائنگ شیٹس تقسیم کیجیے۔ پھر ان سے کہیے کہ شیٹ پر اپنے اسکول کی عمارت اور اس کے مختلف کمروں کا تصویری خاکہ بنائیں۔ وہ کھیل کے میدان کی تصویر بھی بنائیں۔ اگر چاہیں تو اس تصویر میں طلبا کو مختلف سرگرمیوں میں مصروف بھی دکھا سکتے ہیں۔
طلبا کی بنائی گئی تصاویر کو نوٹس بورڈ پر آویزاں کردیجیے۔
اب ان سے کہیے کہ نصابی کتاب کا صفحہ ٨ کھولیں اور سبق پڑھیں اور صفحے پر دی گئی تصویروں پر غور کریں۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

سبق کے آغاز میں طلبا سے ان کے اسکول کے بارے میں پوچھیے۔ پچھلے پیریڈ میں انھوں نے جو کچھ پڑھا تھا اس کے بارے میں سوالات کیجیے۔
انھیں بتائیے کہ آج وہ سارہ اور سعد کے اسکول کے بارے میں پڑھیں گے۔

### Development

Write the keywords on the board. Read the lesson on school aloud. Ask students to run their fingers on the text as you read it. Read very slowly so that each word is understood. At the end of reading ask students to look at the pictures in the lesson. Ask what they see in each. Let all of them get involved and give their input. Ask how their school is different or similar to Saad and Sara's school.

Possible questions to ask: How many girls and boys are in your class? What do you see in Sara's classroom? What is the teacher doing? What do you see in the playground? What is the name of Sara's friend? Who is Ali? What does Saad like to do? Do they like coming to school? Do you like coming to school? Where do you go after the school is over?

Ask each student to name their friend and to say what they do together.

### Class work

**Things to do** on page 11

Guide the students along the way.

## STAYING CLEAN AND HEALTHY

Teaching time: 2 periods

### KEYWORDS

morning, wake up, ready, shoes, clean, tidy, breakfast, soap, evening, tired, sleep, fresh, healthy

### RESOURCES

pictures of a neat, clean street; another photograph of a street with a pile of rubbish; a glass of clean, clear water; a glass of dirty water

### LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Start the class with an activity: keep two glasses of water, one glass with clean and clear water, the other one with dirty water. Ask students the difference between the two; which one would they want to drink? Then show them a picture of a clean place and another one which shows heaps of rubbish on the roadside. Ask them where they would want to live.

## تدریج

بورڈ پر کلیدی الفاظ تحریر کیجیے۔ ''اسکول'' کے عنوان سے دیے گئے سبق کو باآواز بلند پڑھیے۔ طلبا سے کہیے کہ جیسے جیسے آپ سبق پڑھتی جائیں ویسے ویسے وہ متن پر انگلیاں پھیرتے جائیں۔ آہستگی سے پڑھیے تاکہ بچے ہر لفظ سمجھ جائیں۔ بلندخوانی کے اختتام پر طلبا سے کہیے کہ سبق میں دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں۔ پوچھیے کہ ہر تصویر میں انھیں کیا نظر آرہا ہے۔ ہر بچے سے جواب لیجیے۔ استفسار کیجیے کہ ان کا اسکول سعد اور سارہ کے اسکول سے کس طرح مشابہ یا مختلف ہے۔

اس سلسلے میں طلبا سے یہ سوالات پوچھے جاسکتے ہیں : آپ کی کلاس میں کتنی لڑکیاں اور لڑکے ہیں؟ سارہ کے کلاس روم میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ ٹیچر کیا کر رہی ہیں؟ کھیل کے میدان میں آپ کیا دیکھتے ہیں؟ سارہ کے دوست کا نام کیا ہے؟ علی کون ہے؟ سعد کو کیا کرنا پسند ہے؟ کیا انھیں اسکول آنا اچھا لگتا ہے؟ کیا آپ کو اسکول آنا پسند ہے؟ اسکول سے چھٹی ہو جانے کے بعد آپ کہاں جاتے ہیں؟

ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ اپنے دوست کا نام بتائے اور یہ بھی بیان کرے کہ دونوں ساتھ مل کر کیا کیا کرتے ہیں۔

## جماعت کا کام

صفحہ ۱۱ پر دیا گیا کام کروائیے۔
یہ کام کرنے میں طلبا کی رہنمائی کیجیے۔

# صاف ستھرا اور صحت مند رہنا

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

صبح ، جاگنا/بیدار ہونا ، تیار ، جوتے ، صاف ، چیزوں کو صفائی اور ترتیب سے رکھنے کا عادی ، ناشتہ ، صابن ، شام ، تھکا ہارا ، سونا ، تازہ دم ، صحت مند۔

## امدادی اشیاء

ایک صاف ستھری سڑک کی تصویر ، ایک دوسری سڑک کی تصویر جس پر گندگی کے ڈھیر پڑے ہوں ؛ صاف شفاف پانی کا ایک گلاس ؛ آلودہ پانی کا ایک گلاس۔

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

کلاس کا آغاز ایک سرگرمی سے کیجیے : پانی سے بھرے ہوئے دو گلاس رکھیے۔ ایک گلاس میں صاف شفاف اور دوسرے میں آلودہ پانی ہو۔ طلبا سے دونوں کے درمیان فرق پوچھیے، نیز یہ کہ وہ کون سے گلاس کا پانی پینا چاہیں گے؟ پھر انھیں ایک صاف ستھری جگہ کی تصویر دکھائیے، اب ایک اور تصویر دکھائیے جس میں سڑک کے کنارے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر نظر آرہے ہوں۔ ان سے پوچھیے وہ کس جگہ پر رہنا پسند کریں گے؟

## Development

Introduce the topic by highlighting the importance of cleanliness and good health. Ask students how they keep themselves clean and what they do to remain healthy and smart.

Emphasize the necessity of drinking clean water. Dirty water is a carrier of many diseases, thus drinking water should be clean and at least 6 glasses of water should be drunk daily.

A clean and healthy person will have less chances of catching a disease.

To remain healthy, it is very important to live in a clean environment. Emphasize the importance of cleanliness, not just of self, but also of the surroundings in which we live. Ask students what they do to keep the environment clean. Brainstorm ideas to further improve the environment.

Explain to them that their classroom and the school should also be kept clean. After taking their suggestions on how this can be done, tell them that rubbish should always be thrown in the dust bins. There should be no wall chalking. Desks and chairs should not be written on or spoilt in any manner. The school belongs to them and the way they keep it speaks about them.

Read the lesson with students. Explain the meaning where required. Discuss the pictures.

## LESSON PLAN (Period 2)

## Introductory Activity

Call students one by one to the front of the class and ask them to write on the board things they do throughout the day to keep themselves clean. These could be things like taking a bath at least once a day, washing their face in the morning, brushing teeth at least twice a day, especially before going to bed, washing hands every time before and after eating. Please tell them they must wash their hands with soap and water after visiting the washroom.

Do a short recap of the last lesson. Ask students why the water we drink should be clean. Ask why the environment should be kept clean.

## Development

Explain that just like cleanliness of self and the environment is important, there are many other things that are important for good health. One of them is a healthy diet. We must eat fresh, clean, and healthy food. We should drink lots of water as well. Milk is very important for children; it gives us healthy bones and teeth.

In addition to all this, playing outdoors in fresh air is important for good health. It keeps us active, makes our bodies strong and gives it the strength to fight infections. It is also fun!

One last thing which will keep us healthy is getting enough rest. Children must never stay up late. They need to rest their bodies so that they get their energy back for the next day. Also, if they sleep late and wake up early for school, they'll feel drowsy the whole day. They will not be able to pay attention to studies and even play.

## تدریج

صفائی ستھرائی اور اچھی صحت کی اہمیت اُجاگر کرتے ہوئے سبق کا عنوان متعارف کروایئے۔ طلبا سے پوچھیے کہ وہ کیسے خود کو صاف ستھرا رکھتے ہیں اور صحت مند اور چاق چوبند رہنے کے لیے کیا کرتے ہیں۔

صاف پانی پینے کی ضرورت پر زور دیجیے۔ انھیں بتایئے کہ گندے پانی سے بہت سی بیماریاں پھیلتی ہیں، لہٰذا پیا جانے والا پانی صاف شفاف ہونا چاہیے، اور دن میں کم از کم چھ گلاس پانی پینا چاہیے۔ صاف ستھرے اور صحت مند شخص کے بیمار ہونے کے امکانات کم ہوتے ہیں۔

تندرست اور صحت مند رہنے کے لیے صاف ستھرے ماحول میں رہائش پذیر ہونا بہت اہم ہے۔ صفائی ستھرائی کی اہمیت پر زور دیجیے۔ نہ صرف ذاتی صفائی بلکہ اس ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی اہمیت بھی اُجاگر کیجیے جس میں ہم رہتے ہیں۔ طلبا سے پوچھیے وہ ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے کیا کرتے ہیں۔ بچوں سے کہیے کہ وہ سب مل کر ماحول کو بہتر بنانے والی تجاویز سوچیں اور پیش کریں۔

طلبا پر واضح کیجیے کہ کلاس روم اور اسکول کو بھی صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ ان سے پوچھیے کہ یہ کام کیسے کیا جا سکتا ہے۔ جب سب طلبا اپنی تجویز دے چکیں تو پھر انھیں بتایئے کہ کوڑا کرکٹ ہمیشہ ردی کی ٹوکری میں پھینکنا چاہیے۔ دیواروں پر لکھنے سے گریز کرنا چاہیے۔ کرسیوں اور ڈیسک پر بھی کچھ نہیں لکھنا چاہیے یا کسی بھی طریقے سے انھیں خراب نہیں کرنا چاہیے۔ یہ ان کا اسکول ہے اور وہ جس طرح بھی اسے رکھیں گے، اس سے خود ان کی عادات کے بارے میں پتا چلتا ہے۔

طلبا کے ساتھ مل کر سبق پڑھیے۔ جہاں ضرورت ہو الفاظ کے معنی بیان کیجیے۔ تصاویر کو زیرِ بحث لایئے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا کو باری باری بلا کر ان سے بورڈ پر وہ سب کام تحریر کرنے کے لیے کہیے جو انھوں نے دن بھر میں، صبح سے لے کر رات تک، خود کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے انجام دیے۔ جیسے دن میں کم از کم ایک بار نہانا، صبح اُٹھ کر منھ دھونا، دن میں دو بار خصوصاً سونے سے پہلے دانتوں پر برش کرنا، ہر بار کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا۔ تاکید کیجیے کہ واش روم جانے کے بعد اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے دھوئیں۔

سبق کا مختصر اعادہ کیجیے۔ طلبا سے پوچھیے کہ ہمیں صاف پانی کیوں پینا چاہیے، اور ماحول کو صاف ستھرا کیوں رکھنا چاہیے۔

## تدریج

بیان کیجیے کہ جیسے ذاتی اور ماحول کی صفائی ستھرائی اہم ہے، اسی طرح اچھی صحت کے لیے کئی دوسری چیزیں بھی اہمیت رکھتی ہیں۔ ان میں سے ایک صحت بخش غذا ہے۔ ہمیں تازہ، صاف اور صحت بخش غذا کھانی چاہیے۔ ہمیں پانی بھی زیادہ مقدار میں پینا چاہیے۔ دودھ بچوں کے لیے بہت اہم ہے، اس سے ہڈیاں اور دانت مضبوط ہوتے ہیں۔

مذکورہ بالا چیزوں کے علاوہ اچھی صحت کے لیے گھر سے باہر تازہ ہوا میں کھیلنا کودنا بھی ضروری ہے۔ اس سے ہم چاق و چوبند رہتے ہیں اور ہمارا جسم بھی مضبوط و توانا ہوتا ہے اور اسے بیماریوں کے خلاف لڑنے کی طاقت ملتی ہے۔ اس کے علاوہ کھیل کود میں مزہ بھی آتا ہے! ایک آخری چیز جو ہمیں صحت مند رکھے گی وہ مناسب آرام ہے۔ بچوں کو دیر تک نہیں جاگنا چاہیے۔ ان کے جسم کو آرام کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ تھکن دور ہوکر اگلے دن کے لیے اس میں توانائی آجائے۔ اگر وہ دیر سے سوئیں گے اور اسکول جانے کے لیے صبح سویرے اُٹھیں گے تو پھر دن بھر ان پر غنودگی اور سستی طاری رہے گی۔ وہ پڑھائی، یہاں تک کہ کھیل کود پر بھی توجہ نہیں دے پائیں گے۔

Explain that when one has a healthy lifestyle and lives in a clean environment, there are very few chances of becoming ill as germs live in dirt. Tell them what healthy diet means and name some healthy things like fruit, vegetables, meat, *roti,* milk, and eggs that should form part of their diet.

## Class work

**Things to do** on page 15

Guide the students along the way.

## Homework

Worksheet 1

واضح کیجیے کہ جو شخص صحت مندانہ طرزِ زندگی اپناتا ہے اور صاف ستھرے ماحول میں رہتا ہے ، اس کے بیمار ہونے کے امکانات کم ہوتے ہیں ، کیونکہ جراثیم گندگی میں رہتے ہیں۔ بچوں کو بتائیے کہ صحت بخش غذا سے کیا مراد ہے ، اور چند صحت بخش اشیاء کے نام لیجیے جو ان کی خوراک میں شامل ہونی چاہئیں جیسے پھل ، سبزیاں ، گوشت ، روٹی ، دودھ اور انڈا۔

## جماعت کا کام

صفحہ ۱۵ پر دیا گیا کام کروائیے۔
یہ کام کرنے میں طلبا کی رہنمائی کیجیے۔

## گھر کا کام

ورک شیٹ ۱

# UNIT 2 LIVING TOGETHER

**LIVING TOGETHER**
**OUR NEIGHBOURS**
**AT THE PARK**
**KEEPING SAFE**

## TEACHING OBJECTIVES:

- to explain that families live together in a home
- to explain that happy families share responsibilities around the house
- to explain that just like human beings, animals also live in homes
- to encourage students to maintain good relationship with their neighbours
- to encourage students to visit open spaces like parks as it promotes good health
- to show students ways to stay safe

# LIVING TOGETHER

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

homes, flat, houseboat, hut, animals, pets

## RESOURCES

textbook, pictures of different kinds of homes of people and of animals

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin the lesson by showing pictures of different types of homes. Show them how people live in different places, e.g. in the mountains, in cities, near the sea, in villages, etc. Ask them to describe their own homes and explain who lives there. Ask if they have any responsibilities at home. Who does most of the work? Do they help out?

# باب 2 : ایک ساتھ رہنا

**ایک ساتھ رہنا**

ہمارے ہمسائے

**باغ میں**

**حفاظت سے رہنا**

## تدریسی مقاصد:

- یہ وضاحت کرنا کہ خاندان ایک ساتھ گھر میں رہتا ہے۔
- واضح کرنا کہ خوش باش گھرانے کے افراد اپنی گھریلو ذمہ داریوں کو مل بانٹ کر پورا کرتے ہیں۔
- یہ سمجھانا کہ انسانوں کی طرح جانور بھی اپنے اپنے گھروں میں رہتے ہیں۔
- اپنے ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات برقرار رکھنے پر مائل کرنا۔
- اپنی صحت کو بہتر کرنے کے لیے کھلی فضا یعنی کسی پارک وغیرہ میں جانے کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- طلبا کو باحفاظت رہنے کے طریقے سکھانا۔

## ایک ساتھ رہنا

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

گھر، فلیٹ، کشتی گھر، جانور، پالتو جانور

### امدادی اشیاء

درسی کتاب، انسانوں اور جانوروں کی مختلف رہائش گاہوں کی تصاویر

### سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا کو مختلف قسم کے گھروں یا رہائش گاہوں کی تصاویر دکھا کر سبق کا آغاز کیجیے۔ بچوں سے پوچھیے کہ تصاویر میں انھیں کیا نظر آرہا ہے۔ انھیں دکھائیے کہ مختلف جگہوں پر لوگ کیسے رہتے ہیں، مثلاً پہاڑوں، شہروں، ساحلی علاقوں، دیہات وغیرہ میں رہائش پذیر لوگ۔ ان سے کہیے کہ اپنے گھر کے بارے میں تفصیل بیان کریں اور بتائیں کہ وہاں کون کون رہتا ہے۔ ان سے پوچھیے کہ گھر پر ان کی کیا ذمہ داریاں ہیں۔ زیادہ تر کام کون کرتا ہے؟ کیا وہ کام میں ہاتھ بٹاتے ہیں؟

Give the definition of home. It is the place where one lives. Usually a family lives together in a home. Tell them they are about to find out about Sara and Saad's home.

### Development

Show the picture of Sara and Saad's family on page 16. Discuss what each family member is doing. Ask students to see Sara and Saad's pictures on page 17 and explain what they see them doing. Explain that people living together in a home share responsibility and all members help each other. Read the unit with them.

### Class work

Do Question 1b and 1c in class.

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Begin the class by showing students pictures of animal homes. Tell them where some of the common animals live like dogs, cats, birds, fish, etc. Tell them that wild animals like lions, bears, giraffes, and elephants live in the jungle. Farm animals like sheep, cows, horses, hens, and goats live on the farm.

### Development

Read the lesson with children again. Ask them questions about the previous lesson to refresh their memory. Discuss the different types of homes people live in. Help them learn the names. In big cities people live in flats and houses. In villages they usually live in mud houses, and those living near water sometimes live in houseboats. Ask them to describe the photographs with the unit header on page 16. It shows different types of homes. The larger picture shows how people live in the mountains. People build houses to suit their environments and according to the space available. But a home is a home no matter where it is and how it is built.

### Class work

Question 1a and 2a, 2b, and 2c in their notebooks

### Homework

**My page** on page 19

گھر کی تعریف بیان کیجیے کہ کسی شخص یا جانور کے رہنے کی جگہ کو گھر کہتے ہیں۔ عام طور پر گھر میں خاندان کے افراد اکٹھے رہتے ہیں۔ انھیں بتائیے کہ اب وہ سارہ اور سعد کے گھر کے بارے میں جانیں گے۔

## تدریج

سارہ اور سعد کے گھرانے کی تصویر دکھائیے جو صفحہ ۱۶ پر دی گئی ہے۔ اس بارے میں گفتگو کیجیے کہ گھر کا ہر فرد کیا کررہا ہے۔طلبا سے کہیے صفحہ ۱۷ پر سارہ اور سعد کی تصویریں دیکھیں اور بتائیں کہ وہ کیا کررہے ہیں۔ بیان کیجیے کہ ایک ہی گھر میں رہنے والے لوگ گھر کے کام بانٹ لیتے ہیں اور ایک دوسرے کی مدد بھی کرتے ہیں۔ اب طلبا کے ساتھ مل کر سبق پڑھیے۔

## جماعت کا کام

سوال 1b اور 1c کلاس میں کروائیں۔

# سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

سبق کے آغاز پر بچوں کو جانوروں کے گھروں کی تصویریں دکھائیے۔ انھیں بتائیے کہ کچھ عام سے جانور جیسے کتے ، بلی ، پرندے ، مچھلی وغیرہ کہاں رہتے ہیں۔ بتائیے کہ جنگلی جانور جیسے شیر ، ریچھ ، زرافہ ، اور ہاتھی جنگل میں رہتے ہیں۔ بھیڑ ، گائیں ، گھوڑے ، مرغیاں اور بکریاں وغیرہ باڑے یا اصطبل میں رہتے ہیں۔

## تدریج

ایک بار پھر بچوں کے ساتھ مل کر سبق پڑھیے۔ پچھلی کلاس میں جو کچھ پڑھایا گیا تھا، اس کے بارے میں بچوں سے سوالات کیجیے تاکہ پڑھائی گئی تمام چیزیں ان کے ذہن میں تازہ ہو جائیں۔ مختلف اقسام کے گھروں کو زیر بحث لائیے جن میں لوگ رہتے ہیں۔ ان کے نام ذہن نشین کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔ بڑے شہروں میں لوگ گھروں اور فلیٹوں میں رہتے ہیں۔ دیہات میں لوگوں کے گھر مٹی کے بنے ہوتے ہیں۔ پانی کے کنارے آباد لوگ بعض اوقات کشتی پر بنے ہوئے گھر میں بھی رہتے ہیں۔ طلبا سے کہیے کہ صفحہ ۱۶ پر اوپر دی گئی تصاویر کے بارے میں بیان کریں۔ ان تصاویر میں مختلف اقسام کے گھر دکھائے گئے ہیں۔ بڑی تصویر ظاہر کرتی ہے کہ پہاڑوں میں لوگ کیسے رہتے ہیں۔ لوگ اپنے ماحول کے لیے موزوں اور دستیاب جگہ کے مطابق مکان تعمیر کرتے ہیں۔ لیکن گھر تو گھر ہوتا ہے چاہے وہ کہیں بھی اور کیسا بھی ہو۔

## جماعت کا کام

طلبا کاپیوں میں سوال 1a اور 2a ، 2b اور 2c کریں گے۔

## گھر کا کام

صفحہ ۱۹ پر دیا گیا کام کیجیے۔

# OUR NEIGHBOURS

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

neighbour

## RESOURCES

textbook, picture of an apartment building, picture of houses in a row

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin with a drawing activity. Ask some students to draw a few simple houses very close to each other. They can also be drawn in a row. Ask other students to draw an apartment building. Ask them to hold up their drawings and say what they've drawn. Ask if they know what people who live in these houses and flats are called. They are neighbours. Find out if somebody can define this word. Show them pictures of a neighbourhood and some apartment buildings.
When people live as neighbours, they share their happiness and sorrows, and help each other in their hour of need.

### Development

Read the lesson with the students. Discuss the illustration on page 21. Ask what they see Sara doing. Emphasize that we should look after our neighbours and help them whenever there is a need.

### Class work

Questions 1a and 1b in their Class work copies

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Do a recap of the last class. Ask questions like what are neighbours? Who are Sara and Saad's neighbours?

# ہمارے ہمسائے

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

ہمسایہ

## امدادی اشیاء

درسی کتاب، رہائشی عمارت (اپارٹمنٹ بلڈنگ) کی تصویر، ایک قطار میں بنے ہوئے گھروں کی تصویر

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

ڈرائنگ کی سرگرمی سے سبق کی ابتدا کیجیے۔ چند طلبا سے کہیے کہ وہ کچھ گھروں کی تصویر بنائیں، اس طرح کہ یہ گھر ایک دوسرے کے برابر میں ہوں۔ گھر ایک قطار میں بھی بنائے جاسکتے ہیں۔ دوسرے طلبا کو رہائشی عمارت (اپارٹمنٹ بلڈنگ) کی تصویر بنانے کی ہدایت کیجیے۔ طلبا کام ختم کر چکیں تو ان سے کہیے اپنی اپنی بنائی گئی تصویر ہاتھوں میں تھام لیں اور بتائیں کہ انھوں نے کیا بنایا ہے۔ پوچھیے کہ کیا انھیں معلوم ہے ان گھروں اور فلیٹوں میں رہنے والے لوگ کیا کہلاتے ہیں۔ یہ ہمسائے یا پڑوسی ہیں۔ طلبا سے پوچھیے کہ کیا ان میں سے کوئی اس لفظ کا مطلب بیان کرسکتا ہے۔ انھیں ساتھ ساتھ واقع گھروں اور فلیٹوں پر مشتمل چند رہائشی عمارات کی تصویریں دکھایئے۔
جب لوگ ایک دوسرے کے پڑوس میں رہتے ہیں تو وہ ایک دوسرے کی خوشی اور غمی میں شریک ہوتے ہیں اور ضرورت کے وقت ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔

## تدریج

طلبا کے ساتھ مل کر سبق پڑھیے۔ صفحہ ۲۱ پر دیے گئے تصویری خاکے کو زیر بحث لایئے۔ پوچھیے کہ خاکے میں انھیں سارہ کیا کرتی ہوئی نظر آرہی ہے۔ اس بات پر زور دیجیے کہ ہمیں اپنے ہمسایوں کا خیال رکھنا چاہیے اور وقت پڑنے پر ان کی مدد کرنی چاہیے۔

## جماعت کا کام

طلبا اپنی کاپیوں میں سوال 1a اور 1b کریں گے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

پچھلی کلاس میں جو کچھ پڑھایا گیا تھا، اس کا خلاصہ کیجیے۔ طلبا سے سوال پوچھیے مثلاً ہمسائے کیا ہوتے ہیں؟ سارہ اور سعد کے ہمسائے کون ہیں؟

What do neighbours do for each other? Who is Asma?

Ask questions about their own neighbours and neighbourhood, e.g. who are your neighbours? Are you friendly with them? Do you visit them? Do you have a park in your neighbourhood? Are there shops, hospital, schools, banks, and hotels in your neighbourhood?

### Development

Ask a few students to read the lesson aloud.

### Class work

Questions 1c and 1d in their Class work copies

### Homework

Ask them to draw their own house and their neighbourhood for homework.

## AT THE PARK

Teaching time: 2 periods

### KEYWORDS

park, walk, slowly, grass, rubbish, flowers

### RESOURCES

textbook

### LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Ask students whether there is a park close to their home. How often do they go there? Do they enjoy their visits? What kind of activities do they see in a park? Explain the importance of a park in the neighbourhood. It is healthy to play in the open. Children get good exercise by running around and playing active games like cricket. Trees provide us fresh air. A park is a place where people go for relaxation, enjoyment, and fun. People of all ages go to a park.

### Development

Discuss the park scene in the book. Ask students to describe it.
Read the lesson with students.

ہمسائے ایک دوسرے کے لیے کیا کرتے ہیں؟ اسما کون ہے؟
طلبا سے ان کے ہمسایوں اور ہمسایہ داری کے بارے میں سوال پوچھیے مثلاً آپ کے پڑوسی کون ہیں؟ کیا ان سے آپ کا دوستانہ تعلق ہے؟ کیا آپ ان کے گھر پر جاتے ہیں؟ کیا آپ کے پڑوس میں کوئی پارک ہے؟ کیا آپ کے پڑوس میں دکانیں، اسپتال، اسکول، بینک اور ہوٹل ہیں؟

## تدریج

چند طلبا سے کہیے کہ سبق باآواز بلند پڑھیں۔

## جماعت کا کام

طلبا اپنی کاپیوں میں سوال 1c اور 1d کریں۔

## گھر کا کام

طلبا کو ہدایت کیجیے کہ گھر کے کام کے طور پر وہ اپنے گھر اور آس پڑوس کا تصویری خاکہ بنا کر لائیں۔

# باغ میں

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

پارک، چلنا، آہستہ، گھاس، کوڑا کرکٹ، پھول

## امدادی اشیاء

درسی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا سے پوچھیے کیا ان کے گھر کے قریب کوئی پارک ہے۔ وہ کتنی بار وہاں جاتے ہیں؟ کیا وہ پارک میں جانے سے لطف اندوز ہوتے ہیں؟ پارک میں وہ کس طرح کی سرگرمیاں دیکھتے ہیں؟ اپنی ہمسائیگی یا پڑوس میں پارک کے ہونے کی اہمیت بیان کیجیے۔ کھلی جگہ پر کھیلنا کودنا صحت کے لیے مفید ہوتا ہے۔ کھلی جگہ پر دوڑنے اور کرکٹ جیسے بھاگ دوڑ والے کھیل کھیلنے سے بچوں کی اچھی ورزش ہوتی ہے۔ درخت ہمیں تازہ ہوا فراہم کرتے ہیں۔ پارک ایک ایسی جگہ ہے جہاں لوگ سکون حاصل کرنے اور سیر و تفریح کرنے کی غرض سے جاتے ہیں۔ ہر عمر کے لوگ پارک جاتے ہیں۔

## تدریج

کتاب میں دیے گئے پارک کے منظر پر گفتگو کیجیے۔ طلبا سے کہیے اس منظر کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ طلبا کے ساتھ مل کر سبق پڑھیے۔

### Class work

Questions 1a and 1b in their class work copies

### Homework

Worksheet 2

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Begin with a recap of the lesson. Ask related questions. Ask why we should not make the parks dirty. Praise the student who gives the correct answer. If no one knows tell the answer yourself: a park is a public place. We share the facilities with other people. It will not be fair if we leave it dirty for others, or break things. After having sweets, biscuits, or chips, the wrappers should be thrown in the dustbin. If a dustbin is not available, the rubbish should be brought home and thrown in the dustbin. Rubbish makes a park look ugly. Emphasize that it is the responsibility of each visitor to keep the park clean, not to pluck flowers or destroy the swings, benches, etc.

### Development

Reading of the lesson

### Class work

Questions 1c and 1d; tell the students that they can go on to the colouring exercise in Question 2 if they finish these two questions quickly.

# KEEPING SAFE

Teaching time: 2 periods

### KEYWORDS

scissors, knives, matches, marbles, button, broken, careful, coins, hands, stranger, hurt

### RESOURCES

matchbox, marbles, coins, buttons, knife, textbook

### جماعت کا کام

طلبا اپنی کاپیوں میں سوال 1a اور 1b کریں۔

### گھر کا کام

ورک شیٹ ۲

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

سبق کا خلاصہ کرتے ہوئے آغاز کیجیے۔سبق سے متعلق سوالات پوچھیے کہ ہمیں پارک کو کیوں صاف رکھنا چاہیے؟ درست جواب دینے والے طلبا کی تعریف کیجیے۔ اگر کوئی بھی طالب علم صحیح جواب نہ دے سکے تو پھر خود جواب بتادیجیے۔ یعنی پارک ایک عوامی جگہ ہوتی ہے۔ یہاں موجود سہولتوں سے ہمارے علاوہ دوسرے لوگ بھی مستفید ہوتے ہیں۔ اگر ہم یہاں گندگی پھیلائیں اور توڑ پھوڑ کریں تو یہ اچھی بات نہیں ہوگی۔ ٹافیاں ، بسکٹ اور چپس وغیرہ کھانے کے بعد ان کے ریپر اور خالی تھیلیاں اور لفافے ہمیں کوڑے دان میں ڈالنے چاہییں۔ اگر کوڑے دان موجود نہ ہو تو یہ کچرا گھر لے آئیں اور کوڑے دان میں ڈال دیں۔کوڑا کرکٹ کی وجہ سے پارک گندا نظر آتا ہے۔ اس بات پر زور دے کر سمجھائیے کہ باغ کی صفائی ستھرائی ، پھولوں کا نہ توڑنا ، جھولوں اور بینچوں وغیرہ کی حفاظت وہاں جانے والے ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔

### تدریجی سرگرمی

سبق پڑھیے۔

### جماعت کا کام

سوال 1c اور 1d کروائیے۔طلبا کو بتائیے کہ اگر وہ یہ دوسوال جلد کرلیں تو پھر سوال ۲ کے تحت دی گئی رنگ بھرنے کی مشق کر سکتے ہیں۔

# حفاظت سے رہنا

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

قینچی ، چاقو ، ماچس ، بنٹے ، بٹن ،شکستہ یا ٹوٹا ہوا ، محتاط ، سکے ، ہاتھ ، اجنبی ، چوٹ لگ جانا

### امدادی اشیاء

ماچس کی ڈبیا ، بنٹے ، سکے ، بٹن ، چاقو ، نصابی کتاب

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Introduce the topic by taking a knife in your hand and cutting an apple or any other fruit or vegetable. Ask students whether their mother, or an older sister, asks them to help in cutting the fruit or vegetable.

Take a coin or a button and ask the students what could happen if you put it in your mouth? In the same way, ask what could happen if you burned a piece of paper in class?

Ask if they would feel safe walking alone on the road, without holding the hand of a grown up. Would they feel safe in an empty house if there was no one else?

Would their parents ask them to walk to the market alone? There will be some students who will say yes to this. Unfortunately some parents allow this to happen due to carelessness. Please ask students to explain to parents it may not be safe to go out alone as they are very young. They must be accompanied by an adult.

### Development

Ask the students to open the book on page 26. Discuss pictures in the lesson, asking students to explain what the children are doing in each picture. Ask if these are safe activities.

Help students as they read the lesson.

### Class work:

**Things to do** Question 1

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Do a brief recap of the previous lesson.

### Development

Read out the lesson and ask students to pay attention. Ask some students to read it aloud.

### Class work:

**Things to do** Question 2

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

ایک چاقو ہاتھ میں لیجیے اور اس سے سیب یا کوئی بھی پھل یا سبزی کاٹ کر سبق کا آغاز کیجیے۔ طلبا سے پوچھیے کہ کیا ان کی والدہ، یا بڑی بہن پھل یا سبزی کاٹنے میں ان سے ہاتھ بٹانے کے لیے کہتی ہیں۔

ایک سکہ یا بٹن لیجیے اور طلبا سے پوچھیے کہ اگر وہ اسے اپنے منھ میں ڈال لیں تو کیا ہوسکتا ہے؟ اسی طرح ان سے پوچھیے اگر وہ کلاس میں کاغذ کا ٹکڑا جلائیں تو کیا ہوسکتا ہے؟

پوچھیے کہ اگر کسی بڑے نے ان کا ہاتھ نہ تھام رکھا ہو اور وہ اکیلے سڑک پر چلے جا رہے ہوں تو کیا خود کو محفوظ خیال کریں گے۔ کیا ایک خالی گھر میں وہ خود کو محفوظ سمجھیں گے جہاں اور کوئی نہ ہو؟

کیا والدین گھر کا سودا سلف لانے کے لیے انھیں تنہا بازار جانے کا کہتے ہیں؟ کچھ طالب علم اس سوال کا جواب اثبات میں دیں گے۔ بدقسمتی سے کچھ والدین بے پروائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بچوں سے یہ کام لیتے ہیں۔ ازراہ کرم طلبا سے کہیے اپنے والدین کو یہ بتائیں کہ گھر سے اکیلے باہر جانا غیر محفوظ ہوسکتا ہے۔

### تدریج

طلبا سے کہیے کتاب کا صفحہ ۲۶ کھولیں۔ سبق میں دی ہوئی تصاویر پر بات چیت کیجیے اور طلبا سے پوچھیے ہر تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں۔
پوچھیے کہ کیا یہ سب کرنا محفوظ حرکات ہیں؟
سبق پڑھنے میں بچوں کی مدد کیجیے۔

### جماعت کا کام

Things to do سوال ۱

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق کا خلاصہ کیجیے۔

### تدریج

بلند آواز سے سبق پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ توجہ دیں۔ اب کچھ طلبا کو باآواز بلند سبق پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔

### جماعت کا کام

Things to do سوال ۲

# UNIT 3 GETTING AROUND

## GETTING AROUND
## ON THE ROAD

## TEACHING OBJECTIVES:

- to explain that moving from one place to another is called travelling
- to discuss the different ways one can travel
- to explain the importance of traffic signals

# GETTING AROUND

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

travel, van, bike, rickshaw, truck, train, airplane, airport

## RESOURCES

textbook, pictures of various kinds of transport

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Show students pictures of various means of transport like bus, rickshaw, van, car, school bus, airplane, ship, and helicopter. Let them guess the topic of today's lesson. Some will use important words like traffic and maybe even transport. Praise children who use such words.

Next ask them to identify the different means of transport in the pictures. Ask them about the mode of transport they use every day for coming to school. Ask how their parent/parents go to their workplace. See how many types of transport they can name. Explain that going from one place to another is called travel.

Ask them to imagine if there was no transport—what would life be like then? What kind of problem will everyone face? Will anybody be able to reach their destination on time?

Transport is used for something else besides travelling. Wait for their answers. In the end tell them it is used for carrying load. Ask them to name the means of transport used for carrying load, e.g. trucks, vans, pick-ups, donkey carts, etc.

# باب 3 : سفر کرنا

سفر کرنا

سڑک پر

## تدریسی مقاصد:

- وضاحت کرنا کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانے کو سفر کرنا کہتے ہیں۔
- سفر کرنے کے بہت سے طریقے ہیں۔
- ٹریفک کے اشارات (سگنلز) کی اہمیت سمجھانا۔

## سفر کرنا

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

سفر کرنا ، گاڑی ، موٹرسائیکل ، رکشا ، ٹرک ، ریل گاڑی ، ہوائی جہاز ، ہوائی اڈا

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب ، مختلف اقسام کی ٹرانسپورٹ (ذرائع نقل وحمل) کی تصاویر

### سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا کو مختلف اقسام کے ذرائع نقل وحمل کی تصویریں دکھایئے ، جیسے بس ، رکشا ، وین ، کار ، اسکول بس ، ہوائی جہاز ، بحری جہاز ، اور ہیلی کوپٹر۔

اب طلبا سے کہیے وہ آج کے سبق کا عنوان بوجھنے کی کوشش کریں۔ جواب میں کچھ طلبا ٹریفک اور ٹرانسپورٹ جیسے اہم الفاظ ادا کر سکتے ہیں۔ ان طلبا کو شاباش دیجیے۔

اب ان سے کہیے کہ تصاویر میں دیے گئے نقل وحمل کے مختلف ذرائع کی شناخت کریں۔ ان سے پوچھیے روزانہ وہ کس ذریعے سے اسکول آتے ہیں۔ پوچھیے کہ ان کے والد/ والدین اپنے کام کرنے کی جگہ پر کیسے جاتے ہیں۔ دیکھیے کہ وہ ٹرانسپورٹ کی کتنی اقسام کے نام بتا سکتے ہیں۔ بیان کیجیے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانا ، سفر کرنا کہلاتا ہے۔

ان سے کہیے ذرا تصور کریں کہ اگر نقل وحمل کے ذرائع نہ ہوتے تو پھر زندگی کیسی ہوتی؟

ذرائع نقل وحمل سفر کرنے کے علاوہ ایک اور مقصد کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں۔ طلبا سے پوچھیے اور ان کے جواب کا انتظار کیجیے۔ آخر میں انھیں بتایئے کہ ان کا استعمال باربرداری یعنی سامان لے جانے کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔ ان سے کہیے کہ نقل وحمل کے ان ذرائع کا نام بتائیں جو باربرداری کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ٹرک ، وین ، پک اپ ، گدھا گاڑی وغیرہ۔

Ask what will one do if they want to go to the other side of the river? Discuss water transport.

### Development

Reading of the lesson

### Homework

Ask students to look at the different kinds of transport on the road on their way home. Share with everyone in the next class.

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Begin by asking students to name the different kinds of transport they saw on the road; also those shown in pictures in the last class. Ask them if they saw any in the air. Give a recap of the previous lesson.

Ask students what means they would use to travel within the city, to another city, to another country.

Explain that for travelling within the city, the means of transport can be a rickshaw, a motor car, bike, cycle, or a bus, wagon, coach, or mini bus, etc. If a person has to travel to another city, they can travel by air, or by road. Travelling to another country is possible by air, road, or sea, in a boat or a ship.

In villages sometimes people use animals for moving from one place to another. Just like people, goods or things are moved from one place to another on trucks, trains, or cargo airplanes.

### Development

Reading of the lesson

### Class work

**Things to do**: Do Questions 1a, b, c, d, e.

### Homework

Draw and colour a picture of your favourite transport.

طلبا سے پوچھیے اگر کوئی دریا کے دوسرے کنارے پر جانا چاہے تو وہ کیا کرے گا؟ پانی میں نقل وحمل کے ذرائع پر گفتگو کیجیے۔

## تدریج

سبق پڑھا جائے گا۔

## گھر کا کام

طلبا اسکول سے گھر جاتے ہوئے سڑک پر چلنے والی مختلف قسم کی گاڑیوں کو توجہ سے دیکھیں۔ اگلی کلاس میں ہر طالب علم اپنا مشاہدہ بیان کرے گا۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا سے یہ کہتے ہوئے آغاز کیجیے کہ سڑک پر انھیں مختلف اقسام کے جو ذرائع نقل وحمل نظر آئے ، ان کے نام بتائیں۔ تصاویر میں نقل وحمل کے جو ذرائع دکھائے گئے ہیں ، ان کے نام بھی پوچھیے۔ استفسار کیجیے کہ کیا انھوں نے فضا میں نقل وحمل کا کوئی ذریعہ دیکھا۔ گذشتہ سبق کے خلاصہ پر گفتگو کیجیے۔

طلبا سے پوچھیے کہ شہر میں ایک جگہ سے دوسری جگہ ، یا دوسرے شہر ، یا دوسرے ملک جانے کے لیے وہ کس ذریعے سے سفر کریں گے۔
واضح کیجیے کہ شہر کے اندر سفر کرنے کے لیے نقل وحمل کا ذریعہ رکشا ، موٹر کار ، موٹر سائیکل ، سائیکل یا بس ، ویگن ، کوچ اور منی بس وغیرہ ہوسکتی ہے۔ اگر کسی شخص کو دوسرے شہر جانا ہو تو وہ فضائی راستے ، سڑک یا پھر بس کے ذریعے سفر کرسکتا ہے۔ دوسرے ملک کا سفر فضائی راستے ، سڑک کے ذریعے ، یا کشتی / بحری جہاز میں سمندری راستے سے ممکن ہے۔ دیہات میں لوگ بعض اوقات ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لیے جانوروں کو استعمال کرتے ہیں۔ انسانوں کی طرح سامان بھی ٹرکوں ، ریل گاڑیوں یا باربردار طیاروں کے ذریعے ایک سے دوسری جگہ لے جایا جاتا ہے۔

## تدریج

سبق پڑھا جائے گا۔

## جماعت کا کام

سوال 1a ، b ، c ، d اور e کریں۔

## گھر کا کام

اپنے پسندیدہ ذریعۂ نقل وحمل کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

# ON THE ROAD

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

traffic, stop, slow, zebra crossing, carefully

## RESOURCES

textbook; printouts or pictures of common road signs; traffic lights made of coloured cardboard

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin the class by asking the students: how do you come to school every day? While coming to school what kind of traffic do you see on the road? How do people drive? What are policemen for? What are traffic lights? Why do we have them?

### Development

Explain that the movement of cars, trucks, buses, and cycles on the road is called traffic.

Sometimes the movement of traffic is very slow because there are too many cars, buses, and bikes on the road. Ask students how was the traffic on the roads in the morning? How was it outside their school in the morning and how is it every day in the afternoon at home time?

Reading of the lesson by students

### Class work

**Things to do:** Colour the traffic lights on page 35.

### Homework

Worksheet 3

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Make three traffic lights with pieces of cardboard. Ask students to pretend they are different means of transport. One student should become the traffic signal. Give him/her three different traffic lights—red, yellow, green—made of cardboard. The transport should follow

# سڑک پر

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

ٹریفک ، رکنا ، آہستہ ، زیبرا کراسنگ ، احتیاط سے

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب : سڑک استعمال کرنے والوں کی رہنمائی کے لیے کنارے پر نصب علامات کے پرنٹ آؤٹ یا تصاویر ؛ رنگین کارڈبورڈ سے بنی ٹریفک لائٹس

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا سے یہ سوالات پوچھتے ہوئے کلاس کا آغاز کیجیے : آپ روزانہ اسکول کیسے آتے ہیں؟ اسکول آتے ہوئے آپ کو سڑک پر کس قسم کی ٹریفک نظر آتی ہے؟ لوگ گاڑیاں کیسے چلاتے ہیں؟ پولیس اہل کار کیا ذمہ داری انجام دیتے ہیں؟ ٹریفک لائٹس کیا ہوتی ہیں؟ انھیں کیوں لگایا جاتا ہے؟

## تدریج

واضح کیجیے کہ سڑک پر کاروں ، ٹرکوں ، بسوں ، اور سائیکلوں کی نقل و حرکت ٹریفک کہلاتی ہے۔

بعض اوقات ٹریفک کی نقل و حرکت بہت آہستہ ہوتی ہے کیوں کہ سڑک پر کاروں ، بسوں اور موٹر سائیکلوں کی تعداد بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔ طلبا سے پوچھیے کہ صبح کے وقت ٹریفک کی کیا صورت حال تھی؟

صبح اسکول کے باہر ٹریفک کیسی تھی اور روزانہ سہ پہر کو ، گھر جانے کے وقت پر ٹریفک کی صورت حال کیا ہوتی ہے؟ اب طلبا سبق پڑھیں گے۔

## جماعت کا کام

صفحہ ۳۵ پر دی گئی ٹریفک لائٹوں میں رنگ بھریں۔

## گھر کا کام

ورک شیٹ ۳

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

کارڈبورڈ کے ٹکڑوں سے تین ٹریفک لائٹس بنائیے۔ طلبا سے کہیے وہ خود کو نقل و حمل کے مختلف ذرائع تصور کریں۔ ایک طالب علم کو ٹریفک سگنل بنا دیجیے۔ اسے کارڈبورڈ سے بنی سرخ ، سبز اور زرد رنگ کی ٹریفک لائٹیں دے دیجیے۔ جو طالب علم ٹرانسپورٹ بنے ہیں ، وہ ٹریفک سگنل کی پابندی

the traffic signal, stopping when the student holds up the red cardboard light, get ready at the yellow, and move on green.

## Development

After about 10 minutes of this fun game, ask the students to settle down in their seats. Ask them questions for a recap. What is traffic? How many lights does a signal have? What is the purpose of signals on the road? What could happen if there was no signal to guide the traffic?

Discuss road signs. Show students some common ones seen on the road. Tell the importance of following road signs. Traffic rules are there for our own safety and of others. When traffic lights do not work or are not there, a traffic policeman regulates the traffic. We should always follow his directions.

It is not safe to cross a road from just anywhere. Some roads have zebra crossings. These white lines on the road tell us where to cross the road. They are mostly close to traffic lights.

## Class work

**My page** on page 36

کریں۔ یعنی جب ٹریفک سگنل کا کردار ادا کرنے والا طالب علم کارڈ بورڈ کی سرخ لائٹ اُٹھائے تو وہ رُک جائیں ، زرد لائٹ پر تیار ہو جائیں ، اور سبز پر چلنا شروع کر دیں۔

## تدریج

دس منٹ تک اس دل چسپ کھیل کو جاری رکھنے کے بعد طالب علموں کو اپنی اپنی نشست پر بیٹھنے کی ہدایت کردیجیے۔ سبق دہرانے کے لیے ان سے سوالات پوچھیے۔ ٹریفک کیا ہوتا ہے ؟ سگنل میں کتنی لائٹیں ہوتی ہیں؟ سڑک پر نصب سگنلز کا مقصد کیا ہوتا ہے ؟ ٹریفک کی رہنمائی کے لیے اگر کوئی سگنل نہ ہو تو کیا ہوگا؟

سڑک کے کنارے نصب کی جانے والی رہنما علامات کو زیرِ بحث لائیے۔ انھیں سڑک پر عام نظر آنے والی رہنما علامات دکھائیے۔ ان علامات کی پابندی کی اہمیت بیان کیجیے۔ ٹریفک کے قوانین ہماری اور دوسروں کی حفاظت کے لیے ہوتے ہیں۔ جب ٹریفک لائٹس کام نہ کر رہی ہوں یا موجود نہ ہوں تو پھر پولیس اہل کار ٹریفک کو سنبھالتا ہے۔ ہمیں ہمیشہ اس کی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔

ہر جگہ سے سڑک عبور کرنا محفوظ نہیں ہوتا۔ کچھ سڑکوں پر زیبرا کراسنگ بنی ہوتی ہے۔ سڑک پر بنائی گئی یہ سفید پٹیاں ہمیں بتاتی ہیں کہ سڑک کہاں سے عبور کی جائے۔ عام طور پر یہ ٹریفک سگنل کے قریب ہوتی ہیں۔

## جماعت کا کام

صفحہ ۳۶ پر دیا گیا کام کروائیے۔

# UNIT 4 THEN AND NOW

## THEN AND NOW

Teaching time: 2 periods

## TEACHING OBJECTIVES:

- to explain that people, as well as things, change with time
- to explain that people grow old as years go by
- to explain that with the passage of time, creations and inventions are improved upon while new inventions are made
- to explain that habits and interests of people change with the passage of time

## KEYWORDS

picture, people, walk, building, writing, ships, candles, bulbs, wood

## RESOURCES

Things not in use any more, like *qalam* and *davaat* (or pictures, if possible), ball point or fountain pen with ink pot; similar things used at home

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

This lesson is the first step towards understanding history. The aim is to help children realize that there is a difference between how things were in the past and how they are today, the present. Things change with time. The past becomes history.

Show two pictures, one of a young girl and the other one of a woman to the students. Tell them that the two pictures are of the same person. As people grow old, their appearance changes with age. With time, there is an improvement in the lives of people. Show pictures of people cooking on fire made by burning wood or coal; also show pictures of modern-day cooking stoves. Tell them how people used to travel many years ago and how they travel now

### Development

Help students read the lesson.

### Class work

**Things to do**: Question 1

# باب 4 : پہلے اور اب

## پہلے اور اب

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## تدریسی مقاصد:

- واضح کرنا کہ انسان اور اشیاء کی ظاہری حالت میں وقت گزرنے کے ساتھ تبدیلی آجاتی ہے۔
- بیان کرنا کہ وقت کے ساتھ انسان بوڑھا ہوجاتا ہے۔
- یہ بتانا کہ وقت گزرنے کے ساتھ تخلیقات اور ایجادات بہتر سے بہتر ہو جاتی ہیں اور نئی ایجادات سامنے آتی ہیں۔
- واضح کرنا کہ وقت گزرنے کے ساتھ لوگوں کی عادات اور دل چسپیاں بدل جاتی ہیں۔

## کلیدی الفاظ

تصویر ، لوگ ، چلنا ،تعمیر کرنا ،لکھنا ، بحری جہاز ،موم بتیاں ، بلب ،لکڑی

## امدادی اشیاء

اشیاء جو اب استعمال میں نہ ہوں جیسےقلم اور دوات ، بال پوائنٹ یا فاؤنٹین پین اور سیاہی کی ڈبیا۔ گھر سے لائی گئی اسی قسم کی اشیاء

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

یہ سبق طلبا کے لیے تاریخ کو سمجھنے کی جانب پہلا قدم ہے۔ اس کا مقصد بچوں کو یہ سمجھنے میں مدد دینا ہے کہ چیزیں انھیں جیسی آج ، یعنی حال میں نظر آرہی ہیں ماضی میں اس سے مختلف تھیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ چیزیں بدل جاتی ہیں۔ اور ماضی تاریخ بن جاتا ہے۔

دوتصویریں دکھایئے۔ ایک کم عمرلڑکی اور دوسری ایک عورت کی۔ انھیں بتایئے کہ یہ دونوں تصویریں ایک ہی انسان کی ہیں۔ عمر بڑھنے کے ساتھ لوگوں کی ظاہری حالت اور شکل وصورت میں تبدیلی آجاتی ہے۔ وقت کے ساتھ انسان کی زندگی میں بہتری آئی ہے۔ انھیں لکڑی یا کوئلے کی آگ پر کھانا پکاتے ہوئے لوگوں کی تصویر دکھایئے۔ پھر جدید زمانے کے چولھوں کی تصاویر دکھایئے۔ انھیں بتایئے کہ برسوں پہلے لوگ کیسے سفر کرتے تھے اور آج کیسے کرتے ہیں۔

## تدریج

سبق پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

## جماعت کا کام

سوال ا

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Recap of the previous lesson. Ask students to raise their hands and tell you the difference between the past and the present. Ask for examples of how things have changed over time. Give examples of your own: your students being babies once; their grandparents being young once like their parents. Give the example of a prominent landmark of your city or town, explaining how it has changed with time. You can give an example of a new colony or settlement that has come up recently after pulling down old buildings or cutting down trees.

### Development

Read the lesson again. Emphasize the illustrations. Ask students to raise their hands and tell you the difference between the pictures of things before and after. The illustrations give good examples of how things change with time. They change in appearance and also in efficiency.

### Class work

**Things to do**: Question 2 in their Class work copies

### Homework

**My page** on page 42

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

پچھلے سبق کا خلاصہ کیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ ہاتھ اُٹھا کر آپ کو ماضی اور حال کے درمیان فرق بتائیں۔ ان سے کہیے مثالوں کے ساتھ بتائیں کہ چیزیں وقت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوگئی ہیں۔ اپنی طرف سے مثالیں دیجیے مثلاً آپ کے طالب علم کبھی ننھے بچے تھے؛ ان کے دادا دادی بھی کبھی ان کے والدین کی طرح جوان تھے۔ اپنے شہر یا قصبے کے کسی مشہور مقام یا شے کی مثال دیتے ہوئے بتایئے کہ وقت گزرنے کے ساتھ اس میں کیا تبدیلی آئی ہے۔ آپ نو تعمیر شدہ کالونی یا آبادی کی مثال دے سکتی ہیں جو پرانی عمارتوں کو گرا کر یا درختوں کو کاٹ کر بسائی گئی ہو۔

### تدریج

سبق دوبارہ پڑھیے۔ تصاویر پر زور دیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ وہ ہاتھ اُٹھا کر آپ کو چیزوں کی پرانی اور نئی تصاویر کے درمیان فرق بتائیں۔ تصویری خاکے اس بات کی اچھی مثال پیش کرتے ہیں کہ چیزیں وقت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوتی ہیں۔ ظاہری شکل وصورت کے علاوہ ان کی کارکردگی میں بھی تبدیلی آجاتی ہے۔

### جماعت کا کام

طلبا اپنی نوٹ بکس میں سوال ۲ کریں گے۔

### گھر کا کام

صفحہ ۴۲ پر دیا گیا کام کیجیے۔

# UNIT 5 OUR EARTH

**OUR EARTH**
**THE SKY**
**HOT AND COLD**

## TEACHING OBJECTIVES:

- to give the basic introduction of the Earth, telling them about the main features like the hills, rivers, lakes, and seas
- to explain that the Earth has land and water
- to explain the difference between daytime and night time
- to describe the different kinds of weather

# OUR EARTH

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

brown, hills, rivers, seas, bananas, mangoes, potatoes, carrots, apples, corn, rice, plants and vegetables

## RESOURCES

globe, atlas, textbook, drawing sheets, colour pencils

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Introduce the topic by showing students a globe or a world map. Ask the students to describe the Earth. Tell them that the Earth is a planet and it is our home. It is round in shape, just like the globe. Ask them to notice the blue part. It shows the oceans. Explain what an ocean is. Land in shown in brown in their books, but the globe or map you are using may show it in different colours. Explain that the coloured part is land and that is where we live. Point out that there is more water than land on the Earth.

# باب 5 : ہماری زمین

## ہماری زمین

## آسمان

## گرم اور سرد

## تدریسی مقاصد:

- زمین کا بنیادی تعارف کروانا۔ بچوں کو زمین کے اہم حصوں جیسے پہاڑیوں ، دریا ، جھیلوں اور سمندروں کے بارے میں بتانا۔
- بیان کرنا کہ زمین خشکی اور پانی پر مشتمل ہے۔
- دن اور رات کا فرق بیان کرنا۔
- موسم کی مختلف اقسام کی وضاحت کرنا۔

# ہماری زمین

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

بھورا ، پہاڑیاں ، دریا ، سمندر ، کیلے ، آم ، آلو ، گاجر ، سیب ، مکئی ، چاول ، پودے اور سبزیاں

## امدادی اشیاء

گلوب ، نقشوں کی کتاب ، نصابی کتاب ، ڈرائنگ شیٹ ، رنگین پنسلیں

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا کو گلوب یا دنیا کا نقشہ دکھا کر عنوان متعارف کروائیے۔ طلبا سے کہیے کہ زمین کی وضاحت کریں۔ انھیں بتائیے زمین ایک سیارہ اور ہمارا گھر ہے۔ اس کی شکل و صورت گلوب کی طرح گول ہے۔ ان سے کہیے کہ زمین کے نیلے حصے پر توجہ دیں۔ یہ سمندروں کو ظاہر کرتا ہے۔ انھیں بتائیے کہ سمندر کیا ہوتا ہے۔ طلبا کی کتابوں میں خشکی کو بھورے رنگ سے ظاہر کیا گیا ہے ، مگر جو گلوب یا نقشہ آپ استعمال کر رہی ہیں ، اس میں خشکی کا رنگ مختلف بھی ہوسکتا ہے۔ سمجھائیے کہ رنگین حصہ خشکی کو ظاہر کرتا ہے جس پر ہم رہتے ہیں۔ بتائیے کہ زمین پر خشکی کے مقابلے میں پانی زیادہ ہے۔

### Development

Refer to the illustration of the Earth in the book on page 43. Ask the students what the blue and brown parts show. After getting the answers, ask any two students to read the lesson aloud. Correct the pronunciation where necessary.

Explain the uses of land: we live on land, make our homes on land; grow vegetables, plants, fruits, and crops on land. Land has many features like mountains, hills, rivers, and lakes.

There is life in the oceans of the world as well. Plants and animals live in the oceans. Name some sea animals like sea horse, octopus, shark, etc.

### Class work

**Things to do:** Question 2

### Homework

Worksheet 4

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Distribute drawing sheets and colour pencils and ask students to draw and colour any three things they see on land, e.g. houses, trees, animals, fruits and vegetables, transport, people, etc.

### Development

Read the unit again with students. Ask them to look at the illustration on page 43 carefully. Explain to them the different land features, e.g. sea, rivers, lake, mountains, trees, etc. Discuss how we use the land: we build houses on land, we grow our food, animals live on the land.

### Class work

**Things to do**: Question 1

# THE SKY

Teaching time: 2 periods

## KEYWORDS

daytime, shines, clouds, sky, light, stars, moon, night time

## تدریج

کتاب کے صفحہ ۴۳ پر دیے گئے زمین کے تصویری خاکے کا حوالہ دیتے ہوئے طلبا سے پوچھیے کہ نیلا اور خاکی حصہ کس چیز کو ظاہر کرتا ہے۔
جواب سننے کے بعد دو مختلف طلبا کو سبق بآواز بلند پڑھنے کی ہدایت کیجیے۔ جہاں ضرورت پیش آئے تلفظ درست کر دیجیے۔
خشکی کے استعمال بیان کیجیے؛ جیسے ہم خشکی پر رہتے ہیں، اپنے گھر خشکی پر بناتے ہیں، سبزیاں، پودے، پھل اور فصلیں خشکی پر اُگاتے ہیں۔
خشکی کے بہت سے اہم حصے ہیں جیسے پہاڑ، ٹیلے، دریا اور جھیلیں۔
سمندروں میں بھی زندگی موجود ہوتی ہے۔ پودے اور جانور سمندروں میں رہتے ہیں۔ کچھ آبی جانوروں کے نام بتایئے جیسے سمندری گھوڑا، آکٹوپس (ہشت پا)، شارک مچھلی وغیرہ۔

## جماعت کا کام

سوال ۲ کروایا جائے گا۔

## گھر کا کام

ورک شیٹ ۴

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

طلبا میں ڈرائنگ شیٹ اور رنگین پنسلیں تقسیم کردیجیے اور ان سے کہیے کہ خشکی پر وہ جو چیزیں دیکھتے ہیں ان میں سے کسی تین کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں، مثلاً گھر، درخت، جانور، پھل اور سبزیاں، ٹرانسپورٹ، لوگ وغیرہ۔

## تدریج

ایک بار پھر طلبا کے ساتھ مل کر سبق پڑھیے۔ ان سے کہیے کہ صفحہ ۴۳ پر دیے گئے تصویری خاکے پر غور کریں۔ اب خشکی کے مختلف اہم حصوں کی وضاحت کیجیے جیسے سمندر، دریا، جھیل، پہاڑ، درخت وغیرہ۔ اس بات کو زیر بحث لایئے کہ ہم خشکی کا استعمال کیسے کرتے ہیں: ہم خشکی پر گھر بناتے ہیں، اپنے لیے خوراک اُگاتے ہیں، جانور بھی خشکی پر رہتے ہیں۔

## جماعت کا کام

سوال ۱ کروایا جائے۔

# آسمان

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

دن کا وقت، چمکنا، بادل، آسمان، روشنی، ستارے، چاند، رات کا وقت

## RESOURCES

textbook

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

If possible, take students out in the open. Ask them to look up. Make sure they do not look directly at the Sun. What do they see? The sky - and there may be clouds if it is a cloudy day. Ask them how it is different at night. The Sun is not there at night; most probably they will see the Moon, a few stars if the sky is clear. They may see clouds also.

If taking students outdoors is not possible, ask them to tell the difference between daytime and night time while remaining in the classroom.

### Development

Help students read the lesson. Explain that during daytime everything looks bright because the Sun is shining. Sometimes clouds cover the Sun. We usually work during the day in the light of the Sun. After sunset till sunrise is night time. The Moon usually appears in the sky. We can see stars as well but they look very small. Tell students that actually they are much larger than the Moon. They look smaller because they are very far away. Our Sun is also a star. It is the nearest star to Earth. That is why it appears larger than the Moon and stars.

### Class work

**Things to do:** Question 1 a–e

## LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Reading of the unit; while the lesson is being read, ask questions to ensure students' understanding. What do you see in the sky during the day? What else do you see besides clouds during the day? What do you see at night? Where do we get the light from during the day? What is the colour of the clouds? What do stars look like? Why do the stars look like tiny dots? How can we see things during the day? Why can't we see things at night?

### امدادی اشیاء

نصابی کتاب

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

اگر ممکن ہو تو طلبا کو باہر کسی کھلی جگہ پر لے جائیے۔ ان سے کہیے کہ اوپر دیکھیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ وہ براہ راست سورج کی طرف نہ دیکھیں۔ انھیں کیا دکھائی دیتا ہے؟ آسمان ، یا پھر بادل (اگر یہ ابرآلود دن ہوا تو)۔ ان سے پوچھیے رات کیسے مختلف ہوتی ہے؟ رات میں سورج نہیں ہوتا۔ اگر آسمان صاف ہوا تو بہت ممکن ہے کہ انھیں چاند اور چند ستارے نظر آجائیں۔ انھیں بادل بھی دکھائی دے سکتے ہیں۔ اگر بچوں کو باہر لے جانا ممکن نہ ہو تو کلاس ہی میں رہتے ہوئے ان سے کہیے کہ دن اور رات میں فرق بتائیں۔

### تدریج

سبق پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔ بیان کیجیے کہ دن میں ہر چیز صاف اور روشن نظر آتی ہے کیوں کہ سورج چمک رہا ہوتا ہے۔کبھی کبھار بادل ، سورج کو ڈھانپ لیتے ہیں۔ ہم اپنا کام دن میں ، سورج کی روشنی میں کرتے ہیں۔سورج کے غروب ہونے سے لے کر طلوع ہونے تک رات کا وقت ہوتا ہے۔ رات میں آسمان پر چاند نکل آتا ہے۔ ہم ستارے بھی دیکھ سکتے ہیں لیکن یہ بہت چھوٹے نظر آتے ہیں۔ انھیں بتایئے کہ درحقیقت یہ چاند سے بہت بڑے ہیں۔ بہت دُور ہونے کی وجہ سے یہ چھوٹے دکھائی دیتے ہیں۔ ہمارا سورج بھی ایک ستارہ ہے۔ یہ زمین سے قریب ترین ستارہ ہے۔

### جماعت کا کام

سوال 1، a تا e کیا جائے۔

## سبق کی منصوبہ بندی ( دوسرا پیریڈ )

### تعارفی سرگرمی

طلبا کے ساتھ مل کر سبق پڑھیے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ طلبا سبق کو سمجھ رہے ہیں ، ان سے سوال بھی کرتی جایئے۔ مثلاً دن میں آپ کو آسمان پر کیا دکھائی دیتا ہے؟ بادلوں کے علاوہ دن میں اور کیا نظر آتا ہے؟ رات میں آپ کیا دیکھتے ہیں؟ دن کے وقت ہمیں روشنی کہاں سے ملتی ہے؟ بادلوں کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟ ستارے کیسے نظر آتے ہیں؟ ستارے ننھے نقطوں کی طرح کیوں دکھائی دیتے ہیں؟ دن میں ہم چیزوں کو کیسے دیکھ پاتے ہیں؟ رات میں ہمیں چیزیں دکھائی کیوں نہیں دیتیں؟

### Class work

**Things to do**: Questions 2 in their Class work copies

## HOT AND COLD

Teaching time: 2 periods

### KEYWORDS

cloudy, rainy, windy, warm, fire, clothes, umbrella

### RESOURCES

Pictures of places where snow falls and where it is very hot; textbook

### LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin the lesson by telling students that in this unit they will be learning about the different kinds of weather. You would like to play a game with them. You are going to do some actions and they should guess the type of weather.

Act as if you are sweating and feeling very hot, wiping sweat from your forehead. Ask students to guess. Stop when one of them says the weather is hot. You are not allowed to speak. You can only do the actions. Only the students can speak. In the same way, act out other types of weather like windy, cold, and rainy.

Ask students the weather of the day.

### Development

Ask some students to read the lesson aloud, taking turns.

### Class work

**Things to do:** Question 1 in their textbooks

### LESSON PLAN (Period 2)

### Introductory Activity

Recap of the previous lesson. Ask questions to refresh students' memory. Sample questions are: How is the weather when the Sun shines? What do we do to protect ourselves from the heat? Do you see the Sun when it is raining? How are Asma and Ali feeling on page 48? How can we protect ourselves from the cold weather? Why must we not look directly at the Sun?

### جماعت کا کام

طلبا کلاس ورک کاپیوں میں سوال ۲ کریں۔

# گرم اور سرد

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

ابرآلود، جب بارش ہو رہی ہو، جب تیز ہوا چل رہی ہو، گرم، آگ، کپڑے، چھتری

### امدادی اشیاء

ان مقامات کی تصویر جہاں برف باری ہو رہی ہو اور جہاں بہت گرمی پڑ رہی ہو، نصابی کتاب۔

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

طلبا سے یہ کہتے ہوئے سبق کا آغاز کیجیے کہ اس باب میں وہ مختلف اقسام کے موسم کے بارے میں پڑھیں گے۔ انھیں بتائیے کہ آپ ان کے ساتھ ایک دل چسپ کھیل کھیلیں گی۔ آپ جسمانی حرکات سے کام لیں گی۔ آپ کے افعال کو دیکھ کر وہ موسم کا اندازہ لگائیں گے۔ اب آپ پیشانی سے پسینہ صاف کرتے ہوئے اس طرح اداکاری کریں جیسے آپ کو سخت گرمی لگ رہی ہے اور پسینہ آ رہا ہے۔ طلبا سے پوچھیے کہ یہ کون سا موسم ہے۔ جب کوئی ان میں سے یہ کہہ دے کہ موسم گرم ہے تو پھر رُک جائیے۔ اس کھیل کے دوران آپ کو بولنے کی اجازت نہیں ہے۔ آپ صرف جسمانی حرکات سے کام لے سکتی ہیں۔ صرف طالب علم بول سکتے ہیں۔ اسی انداز سے موسم کی مختلف اقسام جیسے تیز ہوا کا چلنا، سردی یا بارش کا ہونا کو اداکاری کے ذریعے ظاہر کیجیے۔ طلبا سے آج کے موسم کے بارے میں پوچھیے۔

### تدریج

چند طلبا سے کہیے کہ باری باری سبق بلند آواز سے پڑھیں۔

### جماعت کا کام

طلبا نصابی کتاب میں سے سوال ۱ کریں۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

گذشتہ سبق کا خلاصہ کیجیے۔ طلبا کی یادداشت تازہ کرنے کے لیے ان سے سوالات کیجیے۔ مثال کے طور پر: جب سورج چمکتا ہے تو موسم کیسا ہوتا ہے؟ ہم گرمی سے بچنے کے لیے کیا کرتے ہیں؟ جب بارش ہو رہی ہو تو کیا سورج آپ کو دکھائی دیتا ہے؟ صفحہ ۴۸ پر اسما اور علی کیسا محسوس کر رہے ہیں؟ ہم سرد موسم سے خود کو کیسے بچا سکتے ہیں؟ ہمیں سورج کی سمت براہ راست دیکھنے سے گریز کیوں کرنا چاہیے؟

## Development

Read the lesson again. The students who did not get the chance to read in the previous class should read now. All the others should look closely at their books and observe the pictures.

## Class work

**Things to do**: Question 2

## Homework

**My page** on page 50
Worksheet 5

## تدریج

سبق کو دوبارہ پڑھیے۔ جو طلبا پچھلی کلاس میں سبق نہیں پڑھ سکے تھے، انھیں موقع دیجیے۔ دیگر طالب علم اپنی کتابوں پر نگاہ جمائیں اور تصاویر پر غور کریں۔

## جماعت کا کام

سوال ۲

## گھر کا کام

صفحہ ۵۰ پر دیا گیا کام
ورک شیٹ ۵

# UNIT 6 THE WORLD OF MAPS

## WE LIVE HERE
## DIRECTIONS

### TEACHING OBJECTIVES:

- to explain that an address helps us to locate a place and that every place has an address
- to explain how an address is written and read
- to introduce common words that show direction, e.g. over, under, right, and left
- to explain that directions help in locating objects, things, and places

## WE LIVE HERE

Teaching time: 2 periods

### KEYWORDS

live, number, address, shop

### RESOURCES

blank envelopes; postage stamps for sending letters locally; writing pad or sheets of paper; textbook

### LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Pick a student in your class. Ask all other students to pretend they were invited to this student's house. Would they be able to go there? Tell them it would only be possible if they had the address. An address tells the house number, the name of the street and the city. Sometimes an address also mentions an important nearby landmark, e.g. near Jama Masjid, or near _______ Bank.

### Development

Read the lesson. Ask questions like: Where does Mona live? What is her house number? What is near Mona's house? What is near Basit's house?

# باب 6 : نقشوں کی دنیا

## ہم یہاں رہتے ہیں
## سمتیں

### تدریسی مقاصد:

- واضح کرنا کہ کسی پتے کی مدد سے ہم کسی جگہ کا محل وقوع معلوم کرسکتے ہیں اور ہر جگہ کا ایک پتا ہوتا ہے۔
- بیان کرنا کہ پتا کیسے لکھا اور پڑھا جاتا ہے۔
- سمت ظاہر کرنے والے عام الفاظ متعارف کروانا، مثلاً اوپر، نیچے، دائیں، اور بائیں۔
- بیان کرنا کہ سمتیں اجسام، اشیاء اور مقامات کے محل وقوع کا تعین کرنے میں مددگار ہوتی ہیں۔

# ہم یہاں رہتے ہیں

تدریس کا دورانیہ: دو پیریڈ

### کلیدی الفاظ

رہنا، نمبر، پتا، دکان

### امدادی اشیاء

خالی لفافے، رائٹنگ پیڈ یا کاغذی شیٹیں، نصابی کتاب۔

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

### تعارفی سرگرمی

کلاس میں سے ایک طالب علم منتخب کیجیے۔ باقی تمام طلبا سے کہیے وہ یہ تصور کریں کہ انھیں مذکورہ طالب علم نے اپنے گھر مدعو کیا ہے۔ کیا وہ اس کے گھر پہنچ جائیں گے؟ انھیں بتائیے کہ یہ اسی صورت ممکن ہوگا جب ان کے پاس اس کے گھر کا پتا ہو۔ گھر کا پتا مکان نمبر، سڑک یا گلی اور شہر کے نام پر مشتمل ہوتا ہے۔ بعض اوقات پتے میں کسی قریبی مشہور جگہ کا بھی ذکر ہوتا ہے جیسے نزد جامع مسجد، یا نزد ______ بینک وغیرہ۔

### تدریج

سبق پڑھیے۔ طلبا سے سوال پوچھیے جیسے: مونا کہاں رہتی ہے؟ اس کے گھر کا نمبر کیا ہے؟ مونا کے گھر کے نزدیک کیا ہے؟ باسط کے گھر کے قریب کیا ہے؟

## Class work

**Things to do**: Question 1 in their Class work copies

## Homework

Ask students to write down their home address in their Homework copies and learn it by heart.

**My page** on page 53

## LESSON PLAN (Period 2)

## Activity

Conduct a class activity. Put students in pairs. Ask each student to write down the address of the other student on the envelope. Teach them the correct way to write the address:

Name of the person

House number, Street name

Area name

Country

Distribute the sheets of paper. Ask students to write a note to their friend. It could be something like this:

Dear _______,

I hope you are fine. I hope you are enjoying your social studies lessons just like me. It is good to learn how to write letters. I hope this letter reaches you. See you in school.

Your friend,

_______

Teach students to stick stamps on the envelopes. Make sure the addresses have been written correctly before posting them. Ask students to bring their letters to class when they've been received. After all the letters have been received tell them that the letters reached them because the addresses were written correctly.

## جماعت کا کام

سوال ۱ طلبا کی کاپیوں میں کروائیے۔

## گھر کا کام

طلبا ہوم ورک کی کاپیوں میں اپنے گھر کا پتا درج کریں اور اسے ذہن نشین کریں۔
صفحہ ۵۳ پر دیا گیا کام کیجیے۔

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## سرگرمی

کلاس میں ایک سرگرمی کروائیے۔ طلبا کے جوڑے بنا دیجیے۔ ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ دوسرے طالب علم کے گھر کا پتا لفافے پر تحریر کرے۔ انھیں پتا لکھنے کا درست طریقہ سکھائیے:

فرد کا نام
گھر کا نمبر، سڑک یا گلی کا نام
علاقے کا نام
شہر
ملک

طلبا میں کاغذ کی شیٹیں بانٹ دیجیے۔ ان سے کہیے کہ اپنے اپنے دوست کے نام مختصر سا خط لکھیں۔ خط کچھ اس طرح ہوسکتا ہے:

عزیز ______،

امید ہے کہ تم خیریت سے ہوگے، اور میری طرح معاشرتی علوم کے اسباق سے لطف اندوز ہورہے ہو گے۔ یہ سیکھنا بہت اچھا ہے کہ خطوط کیسے لکھے جاتے ہیں۔ امید ہے کہ یہ خط تمھارے پاس پہنچے گا۔ اسکول میں تم سے ملاقات ہوگی۔

تمھارا دوست ______

طلبا کو سکھائیے کہ لفافے پر ٹکٹ کیسے چسپاں کیے جاتے ہیں۔ خطوط کو ڈاک کے حوالے کرنے سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیے کہ ان پر پتے درست طریقے سے لکھے گئے ہیں۔ طلبا سے کہیے کہ جب گھر پر خطوط موصول ہو جائیں تو انھیں کلاس میں لے کر آئیں۔ جب طلبا تمام خطوط لے آئیں تو انھیں بتائیے کہ خطوط ان کے گھروں تک اس لیے پہنچ پائے کہ ان پر درست پتے درج تھے۔

# DIRECTIONS

Teaching Time: 2 periods

## KEYWORDS

above, under, down below, right, left, hide and seek, cabinet

## RESOURCES

textbook; flash cards or pictures showing concept of under and over, above and below, up and down, right and left; chits of paper containing simple direction questions

## LESSON PLAN (Period 1)

### Introductory Activity

Begin the class by asking students questions like: where are you sitting? Where is your bag? (Ans: on the chair; on the floor)

Write down the direction words on the board. Now show them the flash cards you have prepared, one by one. For example, a card can have a picture of a cat sitting under a table. Ask: where is the cat? The answer would be: under the table. Tell them 'under' is the word that shows direction

### Development

Reading of the lesson; ask students to pay attention to the illustration on page 54 as you read out the text. They should put their finger on the things you speak of.

### Class work

**Things to do:** Questions 1a, 1b

## LESSON PLAN (Period 2)

### ACTIVITY

Prepare paper chits with simple questions like: what is under your desk? What is on the wall facing you? Where does your friend sit? (Ans: My friend sits to my right.) Where is your teaching standing? (Ans: She/he is standing to my left/right or She/he is standing at the front of the class.)

# سمتیں

تدریس کا دورانیہ : دو پیریڈ

## کلیدی الفاظ

اوپر ، نیچے ، زیریں ، دائیں ، بائیں ، آنکھ مچولی ، الماری

## امدادی اشیاء

نصابی کتاب ، اوپر اور نیچے ، دائیں اور بائیں کے تصورات کو ظاہر کرتی تصاویر یا فلیش کارڈز ، کاغذی پرچیاں جن پر سمتوں سے متعلق آسان سوال درج ہوں۔

## سبق کی منصوبہ بندی (پہلا پیریڈ)

## تعارفی سرگرمی

وہ الفاظ جو سمتوں یا محل وقوع کو ظاہر کرتے ہیں ، پہلے ہی سے بچوں کے ذخیرہ الفاظ کا حصہ ہیں۔ طلبا سے اس قسم کے سوالات پوچھ کر کلاس کا آغاز کیجیے : آپ کہاں بیٹھے ہوئے ہیں؟ آپ کا بستہ کہاں ہے؟ (کرسی پر ، فرش پر)
سمت کو ظاہر کرنے والے الفاظ بورڈ پر تحریر کر دیجیے۔ اب انھیں ایک ایک کر کے فلیش کارڈز دکھائیے جو آپ نے تیار کیے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک کارڈ پر میز کے نیچے بیٹھی ہوئی بلی کی تصویر ہو سکتی ہے۔ اب ان سے پوچھیے : بلی کہاں ہے؟ جواب ہوگا : میز کے نیچے۔ انھیں بتائیے کہ 'نیچے' (under) وہ لفظ ہے جو سمت کو ظاہر کرتا ہے۔

## تدریج

سبق پڑھیے۔ طلبا سے کہیے کہ آپ کے سبق پڑھنے کے دوران وہ صفحہ ۵۴ پر دیے گئے تصویری خاکوں پر توجہ دیں۔ انھیں ہدایت کیجیے کہ جن چیزوں کے بارے میں آپ گفتگو کر رہی ہیں ، ان پر اُنگلی رکھیں۔

## جماعت کا کام

سوال 1a اور 1b

## سبق کی منصوبہ بندی (دوسرا پیریڈ)

## سرگرمی

کاغذ کی پرچیوں پر سادہ سوالات تحریر کیجیے مثلاً آپ کی ڈیسک کے نیچے کیا ہے؟ آپ کے سامنے والی دیوار پر کیا ہے؟ آپ کا دوست کہاں بیٹھتا ہے؟ (جواب : میرا دوست میرے دائیں جانب بیٹھتا ہے۔) آپ کی ٹیچر کہاں کھڑی ہیں؟ (جواب : وہ میرے دائیں/بائیں طرف کھڑی ہیں یا وہ کلاس کے سامنے کھڑی ہیں۔)

People generally get confused between their left hand side and their right hand side. Make them practice the two direction words.

Ask each student to come to the front, pick a chit and read it out. Include a variety of questions. Let him/her answer what is asked. Make sure they give complete answers. For example, if the question says: Where is the door? The answer should be: The door is to my left or it is to the right side of the room. All the highlighted words in the unit should be covered in your questions.

## Homework

**Things to do:** Question 2 in their Homework copies

لوگ عام طور پر اپنے دائیں اور بائیں سمت میں فرق کرنے میں اُلجھ جاتے ہیں۔ طلبا کو 'دائیں' اور 'بائیں' کا مطلب بار بار سمجھایئے اور اس کی مشق کروایئے۔

ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ سامنے آئے ، ایک پرچی اٹھائے اور اس پر درج تحریر بلند آواز سے پڑھے۔ اس سے قبل پرچیوں پر مختلف سوالات تحریر کر دیجیے۔ ہر طالب علم سے کہیے کہ پرچی پر تحریر کردہ سوال کا جواب دے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبا مکمل جواب دیں۔ مثال کے طور پر اگر سوال یہ ہو : دروازہ کہاں ہے؟ تو جواب ہونا چاہیے : دروازہ میرے بائیں جانب ہے یا دروازہ کمرے کی دائیں طرف ہے۔ باب میں نمایاں (ہائی لائٹ) کیے گئے تمام الفاظ آپ کے سوالات میں شامل ہونے چاہئیں۔

## گھر کا کام

سوال ۲ گھر کے کام کی کاپیوں میں کروایئے۔

## Match the sentences and pictures.


To brush your teeth you need




To wash your hands you need



To cut your nails you need



To comb your hair you need



To polish your shoes you need










To have a bath you need



## Where do we live?

Draw a line joining the animal to the place where it lives. Use different colours for different animals.






# Which means of transport would you use to go to these places?





school





the market





another city




a far-off country





# Label the picture.

river lake sea hill



## Draw three things that are cold.

## Draw three things that are hot.


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

**Draw around your hand. Is it your right hand or your left hand?**

# Answer key

## Unit 1

### Sara and Saad

**Q 1**. a. Sara b. Saad c. read, write d. Sara

**Q 2.** a. Sara and Saad run and play together. b. Individual answer c. Individual answer

### Family

**Q 1.** a. Ammi b. Dada c. Sara d. Dadi

**Q 2.** a. Ammi, Abbu, Dada, Dadi b. Individual answer

### School

**Q 1.** a. The teacher is writing on the board. b. Saad likes to run races. c. The name of Saad's friend is Ali.

**Q 2.** a. Saba b. Saad c. read, write d. home

**Q 3.** Individual work

### Staying clean and healthy

**Q 1.** a. milk b. clean c. fresh, clean d. outside

**Q 2.** Individual work

**Q 3.** a. To stay healthy, we must eat fresh and healthy food, drink lots of water, and exercise every day.
b. We feel tired and sleepy.

## Unit 2

### Living together

**Q 1.** a. Pets live in our homes with us. b. Sarah cleans the room. Saad waters the plants.
c. Individual answer

**Q 2.** a.

### Our neighbours

**Q 1.** a. People living near our home are our neighbours.
b. Haroon, Saba, and Ali are Sara and Saad's neighbours.
c. Sara and Saad are kind and friendly with their neighbours. d. Individual work

### At the park

**Q 1.** a. Ammi and Abbu go for a walk in the park.
b. The children play in the park. c. Dadi walks slowly because she is old.
d. We should not pick flowers in the park because they make the park look beautiful.

**Q 2.** Individual work

### Keeping safe

**Q 1.** The following pictures to be circled: playing with matches; cutting fruit with a sharp knife; crossing a road in moving traffic

**Q 2.** a. Buttons and such things may block the wind pipe and the child may not be able to breathe.
b. Because I may get an electric shock. c. I may cut myself.
d. The stranger may take me away from my parents.

## Unit 3

### Getting around

**Q 1.** a. People travel on land by car, train, bus, bike, or a rickshaw.
b. People travel on water on boats or ships. c. People travel in an airplane.
d. Donkeys, horses, and camels can carry people.
e. Individual answer: I travel by ________________ to school.

## Unit 5

### Hot and cold

**Q 1.** a. fan b. fire c. snow d. clouds

## Unit 6

### A world of maps

**Q 1.** a. In Basit and Mona's neighbourhood there are shops, their school, and a park.
b. Individual answer c. Individual answer

### Directions

**Q 1.** a. Saad finds his sister hiding behind the door. b. right, left, up above, down below, under, over, behind

**Q 2.** Individual answers